**A** **710**

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

## വാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2024 - 25

**ക്ലാസ് : 7** **ഉർദു** **സമയം : 2 മണിക്കൂർ**

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

### سرگرمی ۱




پنچایت ہال میں کوڈومبا شری کا میلا ہے۔ سابو امّی کے ساتھ میلا دیکھنے گیا۔

A بچّو، کوڈومبا شری یونٹ میں کیا کیا چیزیں بناتے ہیں؟ چار چیزوں کے نام لکھیے۔

B 'کوڈومبا شری' عورتوں کی ایک انجمن ہے۔ کوڈومبا شری کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

### سرگرمی ۲

کوڈومبا شری میلا میں کئی طرح کے اسٹال (Stall) ہیں۔ سابو ترکاریاں خریدنے کے لیے ایک اسٹال گیا۔ سابو کو دیکھ کر دکان دار پوچھنے لگا۔

| ترکاری | دام |
|---|---|
| ٹماٹر | ۲۰ روپے |
| آلو | ۳۰ روپے |
| گوبھی | ۳۵ روپے |

دکان دار : کیا چاہیے بیٹے؟

سابو : ..................................

بچّو، دکان دار اور سابو کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

## سرگرمی ۳

سامان خرید کر سابو گھر واپس آ رہا تھا۔ سڑک کے کنارے چند ٹرافک سگنل دیکھا۔

A بچّو، نیچے دیے سگنل غور سے دیکھیے۔ مناسب سائن بورڈ چن کر لکھیے۔

☆ صرف بائیں طرف مڑ سکتے ہیں۔ ☆ سڑک بند ہے۔


☆ آگے زیبرا لائن ہے، سڑک پار کیجیے۔ ☆ ہارن (horn) کا استعمال منع ہے۔

☆ آگے اسکول ہے۔ دھیرے چلیے۔

A  ..................

B  ..................

C  ..................

D  ..................

E  ..................

## سرگرمی ۴

سابو نے بازار سے ایک کتاب خریدی۔ وہ کتاب پڑھنے لگا۔

علی ایک اچھا لڑکا تھا۔ جوزف اس کا دوست تھا۔ دونوں ایک ساتھ کھیلتے تھے۔ ہر کام میں ایک دوسرے کے ساتھ دیتے تھے۔

دونوں ایک دن جنگل دیکھنے گئے۔ چلتے چلتے ندی کے پاس پہنچے۔ اچانک جوزف ندی میں گر پڑا۔ بچاؤ! بچاؤ!! وہ چلّانے لگا۔

بچّو، کہانی غور سے پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔

A علی کیسا لڑکا تھا؟

B علی کا دوست کا نام کیا تھا؟

C دونوں ایک دن کہاں گئے؟

D جوزف کیوں چلّانے لگا؟

## سرگرمی ۵

سابو درسی کتاب کا ایک گیت گانے لگا۔

بولی یوں بلّے سے بلّی
ہم تم دونوں جائیں دلّی
کچھ دن موج منائیں ہم بھی
سوہن حلوہ کھائیں ہم بھی
دیکھیں مینا بازاروں کو
لال قلعہ کی دیواروں کو
راج گھاٹ کی فوٹو کھینچیں
خوب قطب مینار کو دیکھیں

بچّو، نظم پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔

A اس نظم میں چند تاریخی عمارتوں کے نام ہیں۔ دو نام چن کر لکھیے۔

B نظم کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## سرگرمی ۶

اتوار کا دن تھا۔ سابو ابّا جان کے ساتھ ویناڈ دیکھنے گیا۔

A بچّو، کیرلا کے چار تفریحی مقامات کے نام لکھیے۔

B پسندیدہ ایک تفریحی مقام کے بارے میں نوٹ لکھیے۔